Paper: _Urdu_______________ | Total Marks: _48____________

Month Test: _November_________ | Obt. Marks: ________________

Theme/Unit: _14-25 + grammar_ | Grand Total: __100___________

Objective___________________ | ID: _____________________ | Time: ______1:15_______

Name: ______________________ | class: ___8th ___________ | Section: ___________________

**سوال نمبر1۔درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

1۔ بامعنی لفظ کو کہتے ہیں۔

ا۔ اسم ب۔کلمہ ج۔ فعل د۔ حرف

2۔ 'اسم علم' قسم ہے۔

ا۔اسم معرفہ کی ب۔ اسم نکرہ کی ج۔اسم جامد کی د۔اسم ذات کی

3۔ معنی کے لحاظ سے اسم کی اقسام ہیں۔

ا۔دو ب۔ تین ج۔چار د۔ پانچ

4۔ "کلیم اللہ" گرائمر کی رو سے ہے:۔

ا۔ تخلص ب۔کنیت ج۔ لقب د۔خطاب

5۔لفظ حکیم کی جمع ہے۔

ا۔ حکم ب۔ حکماء ج۔ حکمت د۔احکام

6۔لفظ حرکت کا متضاد ہے۔

ا۔ظاہر ب۔ جمود ج۔توڑ د۔حرکات

7۔ محاورہ آفت کا پرکالہ کا مطلب ہے۔

ا۔عزت کرنا ب۔بہت چالاک ج۔بڑا ہونا د۔ محنت نہ کرنا

8۔وہ اسم جس میں بڑائی کے معنی پائے جائیں۔۔

ا۔اسم مکبّر ب۔اسم موصول ج۔اسم ذات د۔اسم حالیہ

9۔ پاکستان کا دل کہا جاتا ہے

ا۔اسلام آباد کو ب۔کراچی کو ج۔ملتان کو د۔لاہور کو

10۔حضرت عثمان غنیؓ کو تاجروں نے نفع کی پیش کش کی۔

ا۔دوگنا ب۔ تین گنا ج۔چار گنا د۔دس گنا

11۔ پاکستان بنیادی طور پر ملک ہے

ا۔ صنعتی ب۔زرعی ج۔ تفریحی د۔ساحلی

12۔الفاظ کی کس فہرست کے ساتھ سابقہ " با" لگے گا۔

ا۔ادب،اصول،کمال ب۔مکان،کاغذ،علاج ج۔درد،مجرم،شور د۔ادب،کاغذ لوہا

13۔مجہول کے معنی ہیں۔

ا۔ناواقف ب۔نامعلوم ج۔ناسمجھ د۔نااہل

14۔جیسا کرو گے ویسا بھرو گے میں اسم موصول ہے

ا۔کرو گے ب۔ویسا ج۔بھرو گے د۔ جیسا

15۔ درخواست کے حصے ہیں

ا۔ دو ب۔ تین ج۔ چار د۔ ایک

16۔ محاورے کے لغوی معنی ہے۔

ا۔ بات چیت اور گفتگو کے ب۔ خاتمہ کے ج۔ نفسِ مضمون کے د۔ مکتوبِ الیہ کے

17۔ گھر کی مرغی:

ا۔ آلو برابر ب۔ بھنڈی برابر ج۔ دال برابر د۔ ٹماٹر برابر

مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 18، 19، 20، 21، 22 کا جواب دیں۔

ادب دراصل معاشرے کا آئینہ ہوتا ہے۔ معاشرے میں جو کچھ ہو رہا ہوتا ہے ادب اسے مختلف اصناف کے ذریعے سے ہمارے سامنے لاتا ہے۔ جس سے معاشرے کا اصل چہرہ اور حقائق ہمارے سامنے منکشف ہوتے ہیں۔ ادب کا مطالعہ انسانوں کو جہاں دنیا کے حالات و واقعات سے آگاہ کرتا ہے۔ وہیں ان حالات سے سبق دے کر اصلاح اور بہتری کی صورت پیدا کرتا ہے۔ ادب کا مطالعہ اچھے اور برے میں تمیز سکھاتا ہے۔ نیک و بد کے فرق کو واضح کرتا ہے۔ معاشرے کی اچھی بری اقدار کو پرکھنے میں مدد دیتا ہے اور یہ پرکھ انسان کو زندگی کے صحیح رخ کی طرف رہنمائی میں مدد دیتی ہے۔

18۔ درج بالا پیرا گراف کا عنوان ہے۔

ا۔ ادب ب۔ معاشرہ ج۔ انسان د۔ معاشرتی اقدار

19۔ ادب ہمارے سامنے معاشرے کا اصل چہرہ کیسے منکشف کرتا ہے؟

ا۔ مضامین کے ذریعے ب۔ تحریروں کے ذریعے ج۔ تقریروں کے ذریعے د۔ مختلف اصناف کے ذریعے

20۔ معاشرتی اصلاح یعنی بہتری سے کیا مراد ہے؟

معاشرے میں امن و امان قائم کرنا ب۔ معاشرے میں لوگوں کو خیر و شر میں تمیز سکھانا

ج۔ افراد معاشرے کو زندگی کے صحیح رخ کی طرف گامزن کرنا د۔ یہ تمام۔

21۔ اقدار سے کیا مراد ہے؟

ا۔ اچھی روایات ب۔ بہترین باتیں ج۔ نیکی کے کام د۔ اچھائی اور برائی میں تمیز

22۔ ادب کا مقصد کیا ہے؟

ا۔ اصلاح و بہتری کی صورت پیدا کرنا ب۔ پڑھائی کی طرف راغب کرنا ج۔ نیکی پھیلانا د۔ برائی روکنا

مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 23۔ 24، 25، 26 کے جواب دیں۔

پاکستان میں ریلوے کا نظام بتدریج خراب ہو رہا ہے جس کی وجہ سے بطور ذریعہ نقل و حمل اس پر سے لوگوں کا اعتماد اٹھتا جا رہا ہے جب کے اس کے برعکس ترقی یافتہ ممالک میں ریک گاڑیوں کو مسافر اپنے سفر کے لیے سب سے زیادہ آرام دہ اور محفوظ سمجھتے ہیں۔ بھاری سامان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانے کے لیے بھی اسی کو دوسرے ذرائع آمد و رفت پر فوقیت دیتے ہیں۔ ریل کا سفر ہر اعتبار سے آرام دہ اور محفوظ ہوتا ہے۔ کار یا بس بھی اتنی آرام دہ اور کشادہ نہیں ہو سکتی۔ سڑک کہیں خراب بھی ہو سکتی ہے اور ناہموار بھی مگر ریل کا سفر ایسا ہموار کہ یوں لگتا ہے سفر نہیں کر رہے گھر میں بیٹھے ہیں۔

23۔ ریلوے کا نظام بتدریج خراب ہو رہا ہے۔

ا۔ بھارت میں ب۔ پاکستان میں ج۔ ایران میں د۔ افغانستان میں

24۔ لوگ ریل گاڑیوں کے سفر کو زیادہ آرام دہ اور محفوظ سمجھتے ہیں۔

ا۔ ترقی یافتہ ممالک میں ب۔ ترقی پزیر ممالک میں د۔ تیسری دنیا کے ممالک میں د۔ کوئی نہیں

25۔ کتنی بھی آرام دہ کشادہ ہو ریل کی مسافر کوچ جیسی آرام دہ اور کشادہ نہیں ہو سکتی۔

ا۔ ریل یا بس ب۔ ویگن یا بس ج۔ کار یا بس د۔ کنٹینر یا ہوائی بس

26۔ ترقی یافتہ ممالک کے لوگ ذرائع آمد و رفت مین فوقیت دیتے ہیں۔

ا۔ ریل کا ب۔ بس کو ج۔ ٹرک کو د۔ کار کو

27۔ سڑک کہیں بھی خراب ہو سکتی ہے اور

ا۔ ناہموار بھی ب۔ نامناسب بھی ج۔ نامعقول بھی د۔ نااہل بھی

مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 28،29،30، 31، 32 کے جوابات دیں۔

قلعے کے قریب ہی ایک عظیم الشان مسجد ہے۔ جسے نواب محمد بہاول خان عباسے نے 1825 میں تعمیر کروایا تھا۔ مسجد فنِ تعمیر کا اعلیٰ نمونہ ہے۔اس میں دہلی کی بادشاہی مسجد کا پرتو دیکھائی دیتا ہے۔ سینکڑوں لوگ دراوڑ کے علاقے میں قلعے کے ساتھ اس مسجد کی زیارت کے شوق میں آتے ہیں۔ مسجد ایک بلند چبوترے پر تعمیر کی گئی ہے اور ساری پتھر سے بنی ہوئی ہے۔ حیرت ہے کہ اتنی بڑی مسجد کی تعمیر کے لیے اس لق ودق صحرا میں پتھر کہاں لایا گیا ہوگا اور کن دقتوں سے پہنچایا ہوگا۔

28۔ قلعے کے قریب ایک عظیم الشان-----------------ہے

ا۔ مندر ب۔ گرجا ج۔ درگاہ د۔ مسجد

29۔ محمد بہاول خان عباسی تھا ایک۔

ا۔ وزیر ب۔ مشیر ج۔ نواب د۔ بادشاہ

30۔ مسجد اعلیٰ نمونہ ہے۔

ا۔ فن خطاطی کا ب۔ فن تحریر کا ج۔ فن تعمیر کا د۔ فن مصوری کا

31۔اس میں بادشاہی جامع مسجد کا پرتو نظر آتا ہے۔

ا۔ لاہور کی ب۔ دہلی کی ج۔ پشاور کی د۔ ممبئی کی

32۔ مسجد ایک----------------پر تعمیر کی گئی

ا۔ درگاہ ب۔ مندر ج۔ بلند چبوترے پر د۔ گرجا

| | | |
|---|---|---|
| Paper: _Urdu _______________ | | Total Marks: _52____________ |
| Month Test: _november_________ | | Obt. Marks: ________________ |
| Theme/Unit: _14-25 + grammar_ | | Grand Total: __100___________ |
| Objective__________________ | ID: ______________________ | Time: ____1:30_________ |
| Name: ______________________ | class: ___8th ___________ | Section: __________________ |

سوال نمبر 1۔ مضمون لکھیں۔ "محنت کی عظمت" /8

______________________________________________________________________

______________________________________________________________________

______________________________________________________________________

______________________________________________________________________

______________________________________________________________________

سوال نمبر 2۔ مکالمہ لکھیں۔ "ڈاکٹر اور مریض کے درمیان" /5

سوال نمبر 3۔ دوست کے نام خط لکھیں۔ (والدہ کی وفات پر تعزیت کے لیے) /5

سوال نمبر 4۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کریں اور شاعر کا نام بھی لکھیں؟

ا۔ چشمِ بیدار کو اسرار خدائی بخشے    سونے والوں کو جگانے کے لیے آپ ﷺ آئے

تشریح:

ب۔ ایک ہو جاؤ تو فولاد کی طاقت ہو تم    ساری دنیا کے لیے شمعِ ہدایت ہو تم

تشریح:

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

3۔شاعر کا نام_______________________--

سوال نمبر5۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دی گئی ہدایات کے مطابق اپنی رائے تحریر کریں۔ /6

اکرم اور اسلم ایک ہی جماعت میں پڑھتے تھے دونوں گہرے دوست تھے۔ لیکن دونوں کی عادتیں بت مختلف تھیں۔ اکرم اپنا وقت کھیل کود میں صرف کرتا اور سکول سے غیر حاضر بھی ہو جاتا لیکن اسلم کبھی بھی اپنی جماعت سے غیر حاضر نہ ہوتا اور وہ سخت محنت کرتا تھا۔

س۔اکرم اور اسلم میں آپ کس کو پسند کریں گے اور کیوں؟

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

سوال نمبر6۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور دیئے گئے سوالات کے جوابات دیں۔

/5

تفریح ہمارے لیے بہت ضروری ہے اس سے تھکاوٹ دور ہو جاتی ہے اور بدن میں چستی آتی ہے تفریح سے مراد صرف سیر وغیرہ نہیں ورزش اور کھیل کود بھی تفریح کا حصہّ ہیں۔ کھیل کود سے بھی انسان تازہ دم ہو جاتا ہے۔ انسان کی صحت کے لیے ورزش بھی بہت ضروری ہے۔ اگر انسان کی صحت ٹھیک نہ ہو تو وہ بیمار ہو تو پھر وہ اللہ کی کسی نعمت سے بھی لطف اندوز نہیں ہو سکتا۔

ا۔ درج بالا پیرا گراف کا عنوان ہے؟

______________________________________________

ب۔ سیر کے علاوہ تفریح کا کیا حصہ ہے؟

______________________________________________

ج۔ تفریح سے کیا مراد ہے؟

______________________________________________

د۔ لطف اندوز ہونا سے کیا مراد ہے؟

ہ۔ ورزش اور کھیل کود کا اصل مقصد کیا ہے ؟

سوال نمبر 7۔ 1۔ درج ذیل فقرات میں سے حروفِ اضافت اسم آلہ اسم عدد اسم معرفہ اور اسم استفہام الگ کر کے لکھیں۔ /10

کیا آپ خیریت سے ہیں۔ عائشہ کا چاقو بہت تیز ہے۔ باہر کون آیا ہے۔ یہ کھلونے احمد کے ہیں۔ کراچی صوبہ سندھ کا دارالحکومت ہے۔ علی کے پاس دس کتابیں ہیں۔ قرآن پاک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ میرے لیے دودھ کا ایک گلاس لاؤ۔

سوال نمبر 8۔ املاء۔ /10

| | |
|---|---|
| 1۔ | 2 |
| 3 | 4 |
| 5 | 6 |
| 7 | 8 |
| 9 | 10 |

سوال نمبر 9۔ تخلیقی لکھائی عنوان /8